E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | اتوار 27 ستمبر 2026ء/14 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 229

درازندہ امن میلہ چیک پوسٹ حملے پر گورنر خیبر پختونخوا نے اعلیٰ حکام سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی ہے

ڈی آئی خان امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ 11 افراد جاں بحق

درازندہ امن میلہ کے قریب دھماکے کی اطلاع ملتے ہی درازندہ اسٹیشن کی ٹیم فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچی اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں

ابتدائی کارروائی کے دوران 30 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ 11 جاں بحق افراد کی لاشیں بھی جائے وقوع سے منتقل کی گئیں

پشاور (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ کے قریب خودکش حملے میں 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹریکٹر ٹرالی میں سوار خفیہ نے خودکش حملہ کیا۔ پولیس کے مطابق حملے میں کسٹم اہلکاروں، پنے اور دو شہریوں سمیت 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق درازندہ امن میلہ کے قریب دھماکے کی اطلاع ملتے ہی درازندہ اسٹیشن کی ٹیم فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچی اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد عارف خان کی ہدایت پر ڈپٹی ایمرجنسی آفیسر محمد اسماعیل خان سمیت 4 ایمبولینسز بمعہ عملہ بھی جائے وقوع روانہ کردی گئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ابتدائی کارروائی کے دوران 30 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ 11 جاں بحق افراد کی لاشیں بھی جائے وقوع سے منتقل کی گئیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1 سے ملاحظہ کریں)

آیئے، ہم سب مل کر پاکستان کے شعبہ سیاحت کی بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں اپنا تعمیری کردار ادا کریں تاکہ دنیا کے سامنے اپنی مہمان نوازی اور شاندار ثقافتی ورثے کو اجاگر کرسکیں

وزیراعظم: حکومت پرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے

پاکستان کا معتدل موسم، پہاڑی علاقوں کی پُرفضا آب و ہوا اور خوشگوار وادیاں عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں

مذہبی سیاحت کے حوالے سے پاکستان سکھ مت، بدھ مت اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے لیے تاریخی اور اہم مقدس مقامات کا مسکن ہے، شہباز شریف کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پُرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے، ہم سب مل کر پاکستان کے شعبہ سیاحت کی بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں اپنا تعمیری کردار ادا کریں تاکہ دنیا کے سامنے اپنی مہمان نوازی اور شاندار ثقافتی ورثے کو اجاگر کرسکیں۔

پاکستان کا معتدل موسم، پہاڑی علاقوں کی پُرفضا آب و ہوا اور خوشگوار وادیاں عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں

مذہبی سیاحت کے حوالے سے پاکستان سکھ مت، بدھ مت اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے لیے تاریخی اور اہم مقدس مقامات کا مسکن ہے۔ عالمی یوم سیاحت 27 ستمبر 2026 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



لاہور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر وویمن ڈویلپمنٹ بیگم شوکت بتول اہم مجلس اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد ایئرپورٹ پر 35 کلو چرس اسمگلنگ کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار

برآمد شدہ چرس کی تخمینہ شدہ مالیت 66 کروڑ روپے ہے، پاکستان کسٹمز حکام کے مطابق کارروائی تاحال انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی۔ پرواز TG-349 سے آنے والے ایک مسافر کے سامان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 35 کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ کسٹمز

ایف بی آر نے سیز ٹیکس ریفنڈز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا نظام متعارف کرادیا

متعلقہ افسران لینڈ ریونیو رجسٹرڈ شخص کے جواب کا جائزہ لے گا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیز ٹیکس ریفنڈز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا طریقہ کار متعارف کرا دیا ہے۔ نئے نظام کے تحت

خیبر پختونخوا اسمبلی میں ارکان کی گرفتاری کا طریقہ کار واضح، ہیکر کی اجازت لازمی

جمعیت کے حکم کی صورت میں بھی ایم پی اے کی گرفتاری ہیکر کی اجازت کے بعد ہی عمل میں لائی جائے گی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی سیکرٹریٹ نے ارکان اسمبلی کی گرفتاری اور حراست سے متعلق قانونی طریقہ کار واضح کرتے ہوئے آئی جی پولیس کو

حیات آباد چلڈرن ہسپتال کا منصوبہ 14 سال بعد بھی مکمل نہ ہوسکا

ہسپتال کی تکمیل، جنریٹر اور آپریشن اخراجات کے لیے مجموعی طور پر 5.3 ارب روپے درکار ہیں، دستاویز

پشاور (این این آئی) حیات آباد چلڈرن ہسپتال کا منصوبہ 4 سال میں مکمل ہونا تھا، تاہم 14 سال گزرنے کے باوجود منصوبہ پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکا۔ دستاویز

بلوچستان کے ضلع دکی میں تعمیراتی کمپنی کے 18 مزدور اغوا، گارڈ شہید

دکی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے تقریباً 315 کلومیٹر شمال مشرق میں واقع ہے

کوئٹہ (این این آئی) ضلع البند و ستان ایک دکی میں تعمیراتی کمپنی کے 18 مزدور اغوا کرلیے، ایک گارڈ شہید اور

آئینی عدالت نے پہلے فوت ہونیوالے بھائی کے بچوں کی چچا کی جائیداد پر وراثت کا حق مسترد کردیا

مقدمہ میراث اور مدت قانونی دونوں بنیادوں پر درخواست گزاروں کے خلاف ہے، طویل تاخیر کے بعد حق عدالتی کارروائی دوبارہ کھولنے کی کوئی بنیاد نہیں

سلم لیگی الازہر عنبر کی دفعہ 196 کی دفعہ 4 اس معاملے میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ دفعہ 4 مام قانون وراثت سے متعلق قانونی انحراف ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئینی عدالت نے وراثتی جائیداد سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے پہلے فوت ہونے والے بھائی کے بچوں کی چچا کی جائیداد پر وراثت کا حق مسترد کردیا جبکہ عدالت نے کہا ہے کہ مسلم لیگی الازہر وینس کی دفعہ 4 کا اطلاق صرف پہلے باپ کی جائیداد میں حق وراثت نہیں ملے گا، شرعی پہلے فوت ہونے والے بھائی کے بچوں کی جائیداد پر وراثت کا حق دار نہیں ہوتے، مسلم لیگی الازہر وینس نے قرار دیا کہ قانونی تقاضے پورے کیے بغیر شامل کرنے کی متعلقہ شق کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس رفیعہ انعام امین منہاس نے فیصلہ لکھوایا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)





وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بیکو عرب کارروائی میں ثبوتوں کی برآمدگی پر پاکستان نیوی کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بیکو عرب میں پاکستان نیوی کی کارروائی میں 2,800 کلوگرام سے زائد منشیات کی برآمدگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سمندری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

کراچی: شہر میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافے کے باعث پولیس ہیلپ لائن شہریوں کی حفاظتی سے لے ہیں

پی ایل میں نام شامل اور شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ

عدالت نے واضح کیا کہ عدالتی احکامات پر عمل درآمد کوئی رسمی کارروائی نہیں، فریقین کو اس بات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔

سرکاری اداروں کی سفارش پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں نام شامل کرنے کی متعلقہ شق کالعدم قرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے قانونی تقاضے پورے کیے بغیر شہریوں کو دوران ملک سفر سے روکنے کا آف لوڈ کرنے کے معاملے پر بڑا فیصلہ جاری کردیا۔ عدالت نے سرکاری اداروں کی سفارش پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں نام شامل کرنے کی متعلقہ شق کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس رفیعہ انعام امین منہاس نے فیصلہ لکھوایا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

کراچی، بلدیہ فیکٹری میں آگ سے 4 بچوں سمیت 7 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد میں 3 خواتین بھی شامل ہیں، 4 بچوں کی عمریں 2 سے 10 سال کے درمیان ہیں، 3 افراد زخمی ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے بلدیہ میں فیکٹری میں آگ سے 4 بچوں سمیت 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق افراد میں 3 خواتین بھی شامل ہیں، 4 بچوں کی عمریں 2 سے 10 سال کے درمیان ہیں، 3 افراد زخمی ہیں



بھارت ریاستی سطح پر دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے، صائمہ سلیم

مقبوضہ جموں وکشمیر نہ ماضی میں بھارت کا اٹوٹ انگ تھا، نہ ہے، نہ کبھی ہوگا، پاکستان کو فسلر

پاکستان کسی بھی جارحیت کی صورت میں اپنا دفاع کرے گا، جنگ کا راستہ اختیار نہیں کرنا چاہتے، خطاب

نیویارک (این این آئی) قوام متحدہ میں پاکستانی کونسلر صائمہ سلیم نے کہا ہے کہ بھارت ریاستی سطح پر پروپیگنڈا اور دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے۔ جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے پاکستانی سفارتکار صائمہ سلیم نے کہا کہ پاکستان بھارت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کی بھاری قیمت ادا کرچکا ہے، بھارت ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ سمیت دہشت گرد گروہوں کی مالی معاونت کرتا ہے۔ صائمہ سلیم نے کہا کہ پاکستان نے شہباز عالمی برادری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

جیئر مین جیٹبت کا صحت کی دیکھ بھال، ٹیکنالوجی، تعلیمی جائزوں میں پاکستان بیلاروس تعاون کے فروغ پر اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) جیئر مین جیٹبت سید یوسف رضا گیلانی نے بیلاروس کے سرکاری دورہ کے موقع پر پارلیمانی وفد کی قیادت کرتے ہوئے منسک ساٹلیٹ ایئر پر کیپٹل سینیٹر مرتضیٰ وہاب، فرحانہ نوشاہی ایئر ہوسٹ نورین



کراچی: لیاری مفیہ منزل کے پاس سیوریج کی لائن کا تعمیراتی کام مکمل ہونے کے بعد روڈ کا ملبہ نہ ہٹانے کے باعث ایک ٹریک بند ہے، جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

ایٹمی پروگرام مکمل کرنے کیلئے امریکہ کو 18 ماہ الجھائے رکھا، بیگم عابدہ حسین کا انکشاف

جوہری پروگرام کی وجہ سے امریکہ نے ادائیگی کے باوجود ایف 16 طیاروں کی فراہمی روک رکھی تھی

امداد کا سلسلہ بند ہونے سے پاک امریکہ تعلقات برابری اور باہمی اعتماد پر زیادہ متوازن ہو چکے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی سابق سفیر، سابق وفاقی وزیر اور سینیٹر سیاستدان بیگم عابدہ حسین نے انکشاف کیا ہے کہ 1991 میں امریکہ کی جانب سے ایٹمی پروگرام ترک کرنے کے لیے شدید دباؤ اور رشوت کی پیشکش کی گئی تھی مکمل مسترد کر کے ایٹمی پروگرام مکمل کیا گیا، نظام احسان غنی کی جانب سے ایٹمی پروگرام کی بنیاد پر 18 ماہ تک امریکیوں کو الجھائے رکھا، ایک اعتراف میں انہوں نے کہا کہ 1991 سے 1992 تک امریکہ میں بطور سفیر خدمات کے دوران پاکستان کا جوہری پروگرام عروج پر تھا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

ٹیکسٹائل مشینری کے معروف صنعتکار مرزا خالد شہزاد انتقال کرگئے

ایس ایم ڈی کمیٹی کا اظہار افسوس، مرحوم کی صنعتی وفنی خدمات کو خراج عقیدت

فیصل آباد مشینری پارٹس کے میجر امپورٹر مرزا خالد شہزاد (سٹاف رپورٹر) کے اچانک انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی صنعتی، فنی اور قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ کمیٹی کے اراکین نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ مرزا خالد شہزاد ٹیکسٹائل مشینری کے پرزہ جات کی تجارت میں گہرا علم اور وسیع تجربہ رکھتے تھے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے معروف ٹیکسٹائل

فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی نے پاکستان کی بہترین ویمن یونیورسٹی ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی نے یو آئی گرین مشرک ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2026 میں پاکستان کی بہترین ویمن یونیورسٹی ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا جبکہ دنیا بھر کی ویمن یونیورسٹیز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)



لاہور: ڈی جی سیورٹس پنجاب محمد طارق قریشی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق محکمہ سوشل ویلفیئر کی سروس ڈیلیوری مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

کسی ایک ہسپتال میں ایم ایس یو کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی تعیناتی کی مدت دو سال سے زیادہ نہیں ہوگی

سوہاوہ کی ڈرائیونگ کا جائزہ لیتے ہوئے رمضان ٹرانزٹ اتھارٹی کی خدمات سے بہتر استفادہ کے لیے جامع روڈ میپ تیار کرنے کی ہدایت کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق محکمہ سوشل ویلفیئر کی سروس ڈیلیوری کو مزید موثر اور عوام دوست بنانے کے لیے اہم اقدامات کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

آذربائیجان کے سفیر کی وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ سے ملاقات

وفاقی محتسب نے معزز سفیر کو وفاقی محتسب کے کام، طریقہ کار اور اہم اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا

پاکستان کے وفاقی محتسب ایشین محتسب ایسوسی ایشن کے صدر جبکہ آذربائیجان کے محتسب اے اوائے نائب صدر ہیں

اسلام آباد (پ ر) آذربائیجان کے سفیر جناب عرفان داؤد نے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو ہوئی، وفاقی محتسب نے معزز سفیر کو وفاقی محتسب کے کام، طریقہ کار اور اہم اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ ملاقات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)



SHO رانا رضوان محکمہ پولیس کے جرأت مند، بہادر اور دلیر آفیسر

ایک پولیس آفیسر ہونے کے ناطے وہ اپنی ذمہ داری بہت احسن طریقے سے نبھائیں گے، لوگوں کا احساس تحفظ کے ساتھ ساتھ انصاف بھی ملے گا، رانا رضوان

عاشق حسین رضوی، صدر سرگودھا وکلا انجمن تاجران مرزا داؤد وبرادرز ایم، نوجوان صحافی ناصر محمود آکاش کی ایس ایچ او سرگودھا رانا رضوان سے ملاقات

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) محکمہ پولیس کے جرأت مند، بہادر اور دلیر آفیسر، سرفراز مشہد افراد کے لیے خوف کی علامت سمجھے جانے والے ایس ایچ او تھانہ سرگودھا رانا رضوان سے نوجوان صحافی ناصر محمود آکاش، عاشق حسین رضوی، ہر دلعزیز تاجر رہنما وصدر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8) ملاقات کی۔



حرمین شریفین کی حرمت پر پوری امت مسلمہ ایک آواز ہے، ایازمین مونڈی والا

کراچی (این این آئی) کراچی تاجر اتحاد کے چیئرمین ایازمین مونڈی والا نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

خیبر میں پی ڈی اے کا سیکٹر E-12 کا دورہ، ترقیاتی پیش رفت کا جائزہ لیا

سیکٹر E-12 میں 750 کنال اراضی واگزار، ترقیاتی کام میں تیزی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین کونسل آف ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد کے سیکٹر E-12 کا دورہ کیا اور سیکٹر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی مجموعی صورتحال اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین سی ڈی اے کو آگاہ کیا گیا کہ سیکٹر E-12 میں 750 کنال اراضی واگزار کرائی جاچکی ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)



کراچی: ایف پی ایریا نئی مسجد کی طرف سے جمعہ تراویح کا اٹھایا جارہا ہے

حکومت کی جانب سے مذاکرات کیلئے چیلنج کھلا ہے، چودھری سالک حسین

مذاکرات کے لئے دونوں فریقین کا آمادہ ہونا لازم ہے

اپوزیشن کی جانب سے بھی مذاکرات کے لیے باتیں کی جارہی ہیں، وفاقی وزیر

گجرات (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات اور سینیٹر پاکستانی چودھری سالک حسین نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے لئے چیلنج کھلا ہے۔ وفاقی وزیر اور سینیٹر پاکستانی چودھری سالک حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کے لیے دونوں فریقین کا آمادہ ہونا لازم ہے، اپوزیشن کی جانب سے بھی مذاکرات کے لیے باتیں کی جارہی ہیں۔ چودھری سالک حسین نے کہا کہ اپوزیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی وفاقی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش

لانگ مارچ کے بعد مذاکرات کرنے ہیں تو پہلے کیوں نہیں کرتے

آن میں وفاقی حکومت مسئلہ حل کرنا چاہتی ہے تو اظہار تو مجھے سے کرلے، چاہے ہیں کہ مسئلہ حل ہو جائے، گفتگو کے بعد مذاکرات کرنے ہیں تو پہلے کیوں نہیں کرتے، 7 دن میں وفاقی حکومت مسئلہ حل کرنا چاہتی ہے تو اظہار و تفہیم سے کرلے، چاہتے ہیں کہ مسئلہ حل ہو جائے۔ سہیل آفریدی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ حکومت مسئلہ حل کرنا چاہتی ہے تو اظہار و تفہیم سے کرلے، چاہتے ہیں کہ مسئلہ حل ہو جائے۔ گفتگو کے بعد مذاکرات کرنے ہیں تو پہلے کیوں نہیں کرتے، 7 دن میں وفاقی حکومت مسئلہ حل کرنا چاہتی ہے تو اظہار و تفہیم سے کرلے، چاہتے ہیں کہ مسئلہ حل ہو جائے۔ سہیل آفریدی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر ایچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

حکومت پُرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پُرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پُرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پُرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے، پاکستان کا معتدل موسم، پہاڑی علاقوں کی پُرفضا آب و ہوا اور خوشگوار وادیاں عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں، مذہبی سیاحت کے حوالے سے پاکستان سکھ مت، بدھ مت اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے لیے تاریخی اور اہم مقدس مقامات کا مسکن ہے۔ عالمی یوم سیاحت 27 ستمبر 2026 پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یوم سیاحت کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں شعبہ سیاحت سے وابستہ افراد اور سیاحوں کے ذوق، تحقیق و تجسس اور شوق سیر و سفر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے میدان میں دلکش قدرتی مناظر، قدیم تاریخی یادگاریں، تہذیبی ورثہ اور متنوع ثقافتی رنگ بنیادی محرکات کی حیثیت رکھتے ہیں، اللہ کے فضل سے پاکستان بے مثال قدرتی مناظر، شاندار تہذیبی و ثقافتی ورثہ، تاریخی اور مذہبی مقامات کے ساتھ شعبہ سیاحت میں روشن امکانات رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عملی سیاحت کے فروغ، سیاحتی بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور اس شعبہ سے وابستہ مقامی آبادی اور نوجوانوں کے لیے روزگار و ترقی کے مواقع پیدا کرنے کے لیے کام کر رہی ہے، حکومت پُرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پُرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا معتدل موسم، پہاڑی علاقوں کی پُرفضا آب و ہوا اور خوشگوار وادیاں عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان کی دھرتی، وادی سندھ اور گندھارا سمیت ہزاروں سال قدیم تہذیبوں اور شاندار ثقافتی ورثے کی امین ہے، مذہبی سیاحت کے حوالے سے پاکستان سکھ مت، بدھ مت اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے لیے تاریخی اور اہم مقدس مقامات کا مسکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ عملی سطح پر سیاحت کا فروغ، معاشی ترقی اور ممالک کے مابین اچھے روابط کا باعث ہے اور افراد کی سطح پر کثیر الجہتی ثقافتی رنگوں سے واقفیت دراصل انسانی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے، سیاحت و تفریح پر توجہ دراصل صحت مند ذہن اور خوش آئند توجہات کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم سب مل کر پاکستان کے شعبہ سیاحت کی بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں اپنا تعمیری کردار ادا کریں تاکہ دنیا کے سامنے اپنی مہمان نوازی اور شاندار ثقافتی ورثے کو اجاگر کر سکیں۔

موت اخروی زندگی کی ابتداء ہے

انسان کی خصوصیت ہے کہ دنیا آم کی زندگی بھی قائم نہ ہوگی۔ اس بارے قرآن حکیم میں آتا ہے اہل اسرائیل (85) آپ سے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرتے ہیں کہ روح کیا ہے؟ تو آپ ﷺ فرما دیتے روح امر ربی میں سے ہے۔ امر ربی کیا ہے؟ یہ عالم امر سے ہے۔ عالم دو ہیں ایک عالم خلق اور دوسرا عالم امر۔ عالم خلق کا تعلق اللہ کریم کی تخلیقات سے ہے۔ ساری مخلوق عدم سے وجود میں لائی گئی اس کے خواص میں فنا ہے آپ کوئی چڑ کھڑ دیں، مرغی مر گئی جلا دی جائے گی، انسان بھی بچپن کمزور ہوتا ہے جوان ہو جاتا ہے، بوڑھا ہو جاتا چلا جاتا ہے۔ درخت وقت کے ساتھ ساتھ کمزور اور خشک ہو جاتے ہیں گویا ایک دن کھوکھلے یا خشک کر گر جائیں گے یہی عالم خلق کے حوادث ہیں اللہ کریم نے فنا کر دی ہے۔ انسان اللہ کریم کی ایسی عجیب مخلوق ہے کہ اس کا وجود عالم خلق سے لیکن روح عالم امر سے ہے۔ عالم امر صفات الٰہی سے ہے، صفات الٰہی کا مظہر ہے۔ امر اللہ کی صفت ہے جس طرح اللہ کی ذات کو فنا نہیں اسی طرح اسکی صفات کو بھی فنا نہیں۔ ایسی بات نہیں ہے کہ اللہ کریم پہلے نہیں تھا پھر وجود میں آگیا۔ اللہ ہمیشہ سے ہے، ہمیشہ رہے گا۔ اسکی کوئی صفت بھی ایسی نہیں کہ پہلے نہیں تھی، پھر حاصل ہوئی اور پھر نہیں رہے گی جس طرح اللہ کی ذات کو ثبات ہے اسی طرح اسکی صفات کو دوام ہے۔ عالم امر صفات الٰہی کا مظہر ہے اور روح انسانی عالم امر سے ہے اب یہ وہ چیز جو مادے اور عالم امر سے ہے اس سے آگے سوال اور یہ بحث کہ روح عالم امر سے کس طرح ہٰذی، اس کے اجزا کیا ہیں؟ اس کا تجزیہ کیسے کیا جائے۔ یہ تو ہمارے علم و دانش اور وسائل سے بالاتر ہے۔ اس میں مت الجھو تمہارے لئے اتنا جاننا ہی کافی و شافی ہے کہ روح عالم امر سے ہے اور عالم امر صفات الٰہی کا مظہر ہے۔



تحریر: مولانا محمد اکرم اعوان

جب اس کا تعلق روح سے ہو جاتا ہے تو اسے بھی دوام نصیب ہوتا ہے۔ اس دنیا میں مخلوق بالذات بدن ہے اور روح اس کے تابع ہے لیکن حقیقی اثرات روح پر اور حقیقی زندگی پر قائم ہوتے ہیں۔ دنیا میں کل بدن کرتا ہے وقتی نتائج عمل بدن وصول کرتا ہے مثلاً چوری کرتا ہے، مال لوٹتا ہے، حرام کھاتا ہے تو اس کا تو پیٹ بھرتا ہے لیکن آخرت کے عذاب اسکی ابدی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں اور یہی اثرات روح پر وارد ہوتے ہیں اور موت کے ساتھ ہی بزرخ کے اخروی زندگی کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ موت کیا ہے؟ موت کو سمجھے بغیر ہے خالی اختتام زندگی ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

موت روح اور بدن کو جدا کرنے والی ایک چیز ہے جو خود مخلوق ہے۔ اللہ کریم فرماتے ہیں خلق الموت والحیات، موت کو بھی پیدا کیا حیات کو بھی پیدا کیا۔ قرآنی ترتیب کے مطابق موت کا تذکرہ پہلے آیا حیات کا بعد میں۔ موت کوئی ختم ہونے والی چیز نہیں ہے بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے۔ موت گویا اخروی زندگی کی ابتدا ہے۔ موت کے بعد بدن گل سڑ جاتا ہے یا سلامت رہے ہے تو اس کا تو پتہ چلتا ہے لیکن آخرت کے عذاب اسکی ابدی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں اور یہی اثرات روح پر وارد ہوتے ہیں اور موت کے ساتھ ہی بزرخ کے اخروی زندگی کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ موت کیا ہے؟ موت کو سمجھے بغیر ہے خالی اختتام زندگی ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

موت روح اور بدن کو جدا کرنے والی ایک چیز ہے جو خود مخلوق ہے۔ اللہ کریم فرماتے ہیں خلق الموت والحیات، موت کو بھی پیدا کیا حیات کو بھی پیدا کیا۔ قرآنی ترتیب کے مطابق موت کا تذکرہ پہلے آیا حیات کا بعد میں۔ موت کوئی ختم ہونے والی چیز نہیں ہے بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے۔ موت گویا اخروی زندگی کی ابتدا ہے۔ موت کے بعد بدن گل سڑ جاتا ہے یا سلامت رہے ہے تو اس کا تو پتہ چلتا ہے لیکن آخرت کے عذاب اسکی ابدی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں اور یہی اثرات روح پر وارد ہوتے ہیں اور موت کے ساتھ ہی بزرخ کے اخروی زندگی کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ موت کیا ہے؟ موت کو سمجھے بغیر ہے خالی اختتام زندگی ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

حدیث شریف میں وارد ہے کہ یوم ستر موت کو بھی ذبح کر دیا جائے گا تاکہ یہ جانا جائے کہ اب موت کا کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ یہ انسان کی زندگی ہے جو ہمیشہ رہتا ہے اس کے دو ہی ٹھکانے ہیں جنت یا دوزخ۔

موت گویا اخروی زندگی کی ابتداء ہے۔ موت کے بعد بدن گل سڑ جاتا ہے یا سلامت رہے ہے تو اس کا تو پتہ چلتا ہے لیکن آخرت کے عذاب اسکی ابدی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں اور یہی اثرات روح پر وارد ہوتے ہیں اور موت کے ساتھ ہی بزرخ کے اخروی زندگی کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ موت کیا ہے؟ موت کو سمجھے بغیر ہے خالی اختتام زندگی ہے یہ شام زندگی صبح دوام زندگی

زراعت کی مضبوطی۔ پنجاب کی خوشحالی

کسان مضبوط تو پنجاب مضبوط، مریم نواز کا کسان دوست وژن

پاکستان کی معیشت میں زراعت کو بنیادی ستون کی حیثیت حاصل ہے اور پنجاب اس ستون کا سب سے اہم حصہ ہے۔ پنجاب کی معیشت، دیہی زندگی، روزگار اور غذائی ضروریات بڑی حد تک زراعت سے وابستہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسان خوشحال ہوتا ہے تو اس کے اثرات صرف ایک کھیا ایک گاؤں تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے صوبے کی معاشی سرگرمیوں میں بہتری آتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے زرعی شعبے اور خصوصاً سازگار مشینری کی فراہمی پر توجہ اسی وسیع تر سوچ کی عکاس ہے جس میں کسان کو محض امداد کا حصول سمجھنے کے بجائے زرعی معیشت کا فعال کردار سمجھا جا رہا ہے۔

گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت فروری کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی اور فرنٹیئر کانسٹیبلری کی اپیلی کشن پورٹل کا اندراجی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ 24 ستمبر 2026 کو سامنے آنے والی تفصیلات کے مطابق نیفرو میں 50 سے 65 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹر کسانوں کو فراہم کیے جائیں گے اور ہر ٹریکٹر پر حکومت پنجاب ساڑھے سات لاکھ روپے سبسڈی دے گی، جبکہ فرنٹیئر نیفرو میں 75 سے 125 ہارس پاور کے 9,500 پاکی پاور ٹریکٹرز کے لیے فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی مختص کی گئی ہے۔ اس سے محکمہ زراعت کے سرکاری ریکارڈ میں بھی ان اہداف اور سبسڈی کی تصدیق موجود ہے۔

یہ محض ٹریکٹر تقسیم کرنے کا منصوبہ نہیں بلکہ زرعی مشینری تک کسان کی رسائی بڑھانے کی ایک کوشش ہے۔ روایتی زرعی نظام میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاشتکار کے لیے جدید مشینری خریدنا آسان نہیں ہوتا۔ ٹریکٹر کی قیمت، ایندھن، مرمت اور دیگر اخراجات پہلے ہی کسان کے لیے بڑا بوجھ ہیں۔ ایسے میں حکومت کی جانب سے قابل ذکر سبسڈی فراہم کرنا اس رکاوٹ کو کم کر سکتا ہے۔ کسان اپنی زمین پر بروقت تیار کاشت کر سکتا ہے، فصل کی کاشت کے مراحل کو بہتر انداز میں مکمل کر سکتا ہے اور زرعی سرگرمیوں میں مشینوں کے استعمال سے وقت اور محنت دونوں بچا سکتا ہے۔

تجزیہ: راجہ محمد الیاس کیانی

تجزیہ بی این پی کے مطابق زرعی شعبے کی اصل مضبوطی صرف ٹریکٹر نہیں بلکہ کسان کی پیداوار میں اضافہ ہے۔ اسی لیے حکومت نے ٹریکٹر کے ساتھ کھاد، بیج اور زرعی ادویات پر بھی سبسڈی کا اعلان کیا ہے۔ یہ اقدام اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ مشینری کے ساتھ اچھے بیج اور مناسب کھاد کے بغیر پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن نہیں۔ اگر کسان کو ایک ہی شعبے میں مدد دی جائے اور باقی ضروریات نظر انداز کر دی جائیں تو مسئلہ مکمل طور پر حل نہیں ہوتا۔ اس لیے یہ پیکیج زیادہ مؤثر ثابت ہو سکتا ہے۔

تاہم اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ کامیاب کسانوں کو ٹریکٹر کی فراہمی، اوائل کی رجسٹریشن اور بعد ازاں استعمال کے مراحل میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ زرعی اقدامات شامل ہیں، جس سے زرعی شعبے کے لیے نیا روڈ میپ فریم ورک کا اندازہ ہوتا ہے۔

اس پروگرام کی ایک قابل ذکر خصوصیت یہ بھی ہے کہ ضلعی وار ٹریکٹروں کا ہدف شدہ رقبے کے مناسب مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے زرعی وسائل کی تقسیم کو زمین کے حقیقی استعمال سے جوڑنے کی کوشش نظر آتی ہے۔ جنوبی پنجاب کے اضلاع، جن میں بھکر، جھنگ، لودھراں اور وہاڑی شامل ہیں، کے حوالے سے زیادہ مناسب کی بات بھی سامنے آئی ہے۔ جنوبی پنجاب چونکہ بڑی زرعی پیداوار کا اہم خطہ ہے، اس لیے وہاں مشینری کی دستیابی میں اضافہ کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور زرعی سرگرمیوں کے لیے اہم ثابت ہو سکتا ہے۔ قرعہ اندازی کے عمل میں بڑی تعداد میں درخواستوں کا موصول ہونا بھی کسانوں کی مشینری کی ضرورت کو ظاہر کرتا ہے۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق 213,637 سے زائد کسانوں نے درخواستیں دیں جبکہ اراضی رکارڈ، اقتداری اور نادرا سے تصدیق کے بعد 128,757 اہل کاشتکاروں کو قرعہ اندازی میں شامل کیا گیا۔

ڈیجیٹل سلیکٹ کے ذریعے نیفرو کا آغاز کیا گیا اور پہلے کامیاب امیدوار کے طور پر اٹک مسعود خان کا نام سامنے آیا۔

یہاں شفافیت اور نگرانی کی اہمیت بھی اپنی جگہ مسلم ہے۔ جب کسی سرکاری پروگرام کے لیے درخواستیں توقع سے کہیں زیادہ ہوں تو کامیاب امیدواروں کے انتخاب، اہلیت کی جانچ اور سبسڈی کے استعمال کی نگرانی مزید اہم ہو جاتی ہے۔ ڈیجیٹل طریقہ؟ انتخاب کی ضرورت کو پورا کرنے کی ایک کوشش ہے، تاہم اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ کامیاب کسانوں کو ٹریکٹری فراہمی، اوائل، رجسٹریشن اور بعد ازاں استعمال کے مراحل میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پولیٹیموں کا تحفظ قومی ذمہ داری ہے

پاکستان میں پولیو کا مکمل خاتمہ ایک طویل اور مشکل قومی جدوجہد کا تقاضا کرتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں، علمی ماہرین، والدین اور معاشرے کے ہر طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ سال 2025ء میں پاکستان میں 115 انسداد پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں اس مہم کی سنگینی کو مزید واضح کرتی ہیں۔ رواں سال سات پولیس اہلکار پولیو ڈیوٹی کے دوران شہید ہو چکے ہیں۔ یہ اعداد و شمار اس امر کے متقاضی ہیں کہ پولیو مہم کو محض محکمہ صحت کی سرگرمی سمجھنے کے بجائے اسے ایک مکمل قومی سلامتی اور انسانی تحفظ کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے۔ جو اہلکار پولیو ٹیموں کی تحفظ فراہم کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، وہ دراصل ملک کے مستقبل کے تحفظ کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں اس امر کی بھی یاد دہانی ہیں کہ صحت عامہ کے ایک بنیادی حق کی فراہمی کیلئے ہمیں ریاستی اداروں کی بھرپور حمایت کرنی چاہیے۔

پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان علاقوں کی جغرافیائی مراد جدائی اور ثقافتی پیچیدگیاں بھی بعض اوقات مقامی آبادی کے ساتھ اعتماد کے فقدان کا باعث بنتی ہیں۔ بلوچستان کے اضلاع چمن، قلعہ آباد، ڈیرہ مراد جمالی اور ثقافتی پیچیدگیاں بھی بعض اوقات مقامی آبادی کے ساتھ اعتماد کے فقدان کا باعث بنتی ہیں۔ بلوچستان کے اضلاع چمن، قلعہ آباد، ڈیرہ مراد جمالی اور ثقافتی پیچیدگیاں بھی بعض اوقات مقامی آبادی کے ساتھ اعتماد کے فقدان کا باعث بنتی ہیں۔

گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور دو پولیس اہلکاروں کو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ یہ واقعہ اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ پولیو کے خلاف جاری قومی مہم کو صرف طبی اور انتظامی چیلنجز ہی درپیش نہیں بلکہ ایک باشعور دشمن کی سازشوں کا بھی سامنا ہے۔ پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا دراصل ان بچوں تک ویکسین پہنچانے کی کوشش کو متاثر کرنے کے مترادف ہے جو والدین اور ریاست کی مشترکہ ذمہ داری کے تحت ایک مہلک بیماری سے تحفظ کے مستحق ہیں۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق ایسے واقعات کا مقصد خوف و ہراس پیدا کر کے عوام کو پولیو ٹیموں سے دور کرنا اور بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے عمل میں رکاوٹ ڈالنا ہے۔

دوسری طرف ان عناصر کے خلاف مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے جو خوف، افواہوں یا تشدد کے ذریعے پولیو مہم کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر کسی بچے تک ویکسین محض اس وجہ سے نہیں پہنچ پاتی کہ پولیو ٹیم کسی خطرناک علاقے میں جانے سے قاصر ہے تو اس کا نقصان صرف ایک خاندان تک محدود نہیں رہتا بلکہ بیماری کے مکمل خاتمے کی قومی کوشش بھی متاثر ہوتی ہے۔

تجزیہ بی این پی

شاہ امر کے مطابق میں والدین کا کردار پولیو کے خلاف جنگ میں سب سے اہم ہے۔ والدین کی مخلصانہ کی سرگرمی سمجھے کے بجائے اسے ایک مکمل قومی سلامتی اور انسانی تحفظ کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے۔ جو اہلکار پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، وہ دراصل ملک کے مستقبل کے تحفظ کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں اس امر کی بھی یاد دہانی ہیں کہ صحت عامہ کے ایک بنیادی حق کی فراہمی کیلئے بھی تکلیف سے برداشت کرنا ہوتا ہے۔ ایسے اہلکاروں کی شہادت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ پولیو ٹیموں کو درپیش سیکیورٹی خطرات نہ صرف تشویش کا باعث ہیں بلکہ قومی صحت کے ایک اہم مشن کے راستے میں سنگین رکاوٹ بھی ہیں۔

گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور دو پولیس اہلکاروں کو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ یہ واقعہ اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ پولیو کے خلاف جاری قومی مہم کو صرف طبی اور انتظامی چیلنجز ہی درپیش نہیں بلکہ ایک باشعور دشمن کی سازشوں کا بھی سامنا ہے۔ پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا دراصل ان بچوں تک ویکسین پہنچانے کی کوشش کو متاثر کرنے کے مترادف ہے جو والدین اور ریاست کی مشترکہ ذمہ داری کے تحت ایک مہلک بیماری سے تحفظ کے مستحق ہیں۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق ایسے واقعات کا مقصد خوف و ہراس پیدا کر کے عوام کو پولیو ٹیموں سے دور کرنا اور بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے عمل میں رکاوٹ ڈالنا ہے۔



ناسا کا سپیس ایکس کے کریو 14 مشن کے لیے چار رکنی عملے کا اعلان

یہ مشن ناسا کے لانچ آرٹ پروگرام کے تحت انسپیس ایکس کے ساتھ 14 ویں کمرشل کریو فلائٹ ہوگی، بیان

لاس اینجلس (این این آئی) ناسا نے انسپیس ایکس کے کریو -14 مشن کے لیے چار رکنی عملے کا اعلان کر دیا ہے، جس میں امریکا، جاپان اور روس کے خلاباز شامل ہیں، یہ فلائٹ خبر رساں ادارے کے مطابق مشن کو 2027 کی بہار سے قبل بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) کے لیے روانہ کیے جانے کا امکان نہیں۔ ناسا کے مطابق امریکی خلاباز کائلا بیرون اور شاہ ٹیمن کو باترتیب خلائی جہازکی کمانڈر اور پائلٹ کی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔

جبری بے دخلی کا پائیدار حل امن ہے، اقوام متحدہ ہائی کمشنر

یوں کا اپنے والدین سے ورثے میں بے دخلی حاصل کرنا بھی کامیابی نہیں ہوگی، خطاب

پائیدار حل امن کا قیام ہے۔ غیر قانونی خبر رساں ادارے کے مطابق سلامتی کونسل سے اپنے پہلے خطاب میں انہوں نے کہا کہ انسانی ہمدردی کے ادارے جنگ اور تنازعات کے باعث نقل مکانی پر مجبور افراد کے تحفظ، پناہ گزینوں کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 52)

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین باریام صالح نے کہا ہے کہ جبری بے دخلی کا سب سے

تحریر: مولانا محمد اکرم اعوان

بدھ امیر محمد رفیق جاوید صاحب ناصب قصبہ الہ آباد ہزاری درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 161/2/161 واقع موضع ہذ وآنہ شاملی فصیل اٹھارہ ہزاری تھانہ عباس بنام تصور حسین خان مظہر عباس متوفی پسران دائم خان اقوام بلوچ سنجڈ محمد واجد ولد محمد وارث قوم بلوچ ذوی محمد عدنان سید اللہ مظہر عرفان محمد سعید پسران محمد اسلم اقوام کھوکھر محمد عارف مہدی حیات خان عابد پسران محمد اسمٰعیل خان قوم بلوچ کھیسانہ محمد ارشد ولد محمد صدیق قوم کھوکھر رانا فیصل حنیف ولد رانا سعید خان قوم راجپوت صادق حسین ولد محمد وارث قوم بلوچ ذوی جاجراں مائی زوجہ شاہنہ علی ذوالفقار محمد اسرار محمد مظہر عباس پسران محمد حبیب احمد کھیر کبیر محمد بخش پسران بخاند عبدالرحمٰن ولد خدا بخش عبداللہ ولد حبیب احمد مظہر عباس ولد محمد رمضان مشہر اسلم ولد محمد بخش عمر حیات ولد احمد بخش حکیم عباس ولد شباند محمد اسحٰق ولد محمد بخش عمر فرمان اظہر عباس عمر داد فاروق پسران محمد منصر عباس محمد عمران پسران محمد رمضان احمد بخش ولد پھانہ محمد رمضان ولد خدا بخش مہدم ابراد ولد حبیب احمد شہباز مائی زوجہ نور محمد اقوام کھوکھر عمر داد خان ولد اللہ بخش قوم بلوچ ذوی محمد مرتضیٰ ولد محمد یعقوب اللہ داد امیر قوم سرا جوئیہ محمد اسمٰعیل قوم بلوچ کھیسانہ عمر حیات ولد محمد خان قوم بلوچ سنجڈ سامی محمود ولد محمد اسمٰعیل قوم بلوچ کھیسانہ محمد اسید امجد محمد حکیم ولد رضا امجد علی قوم کھرشار عام محمد صادق محمد شریف محمد رشید پسران بشیر احمد محبوب حسین ولد محمد امیر محمد خورشید ولد بشیر احمد شوکت علی لیاقت علی پسران غلام حسین محمد آصف ولد منظور حسین اقوام آہیر عابد حسین خان ولد محمد وارث خان قوم بلوچ ذوی جانج مسعود زرعان مسک ریلوی چاہ دادو والا عمر پرآنہ فضل محمد صحبی ولد عطا محمد قوم بلوچ کھیسانہ سکنان پیر پرآنہ فضیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ دعا علیم بتقر 8/8/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی

سرینگر ہائیکورٹ نے کالے قانون کے تحت نظر بند 2 کشمیریوں کی رہائی کے درخواستیں خارج کر دیں

کیم مئی 2025 تا 13 دسمبر 2025 کو متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس کے احکامات پر کالے قانون کے تحت حراست میں لیا گیا تھا

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ہائی کورٹ نے 2 کشمیریوں کی کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) کے تحت نظر بندی برقرار رکھتے ہوئے انکی جانب سے دائر رہائی کی درخواستیں خارج کر دی ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ کے مطابق جسٹس ایم اے چوہدری پر مشتمل ہائی کورٹ کے ایک رکنی بنچ نے ضلع کپواڑہ کے ملاقے لولاب کے رہائشی فردوس احمد شاہ اور ضلع کولگام کے علاقے مزکام کے طارق احمد ڈار پر لگائی پی ایس اے کا بھی قرار دینے کی درخواستیں خارج کر دیں۔ انہیں باترتیب یکم مئی 2025 اور 13 دسمبر 2025 کو متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس کے احکامات پر کالے قانون کے تحت حراست میں لیا گیا تھا۔ بھارت نے کشمیریوں کی آزادی کی آواز دبانے کیلئے حریت رہنماؤں اور کارکنوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 51)

راجوری، کوٹلہ کانوں سے وابستہ ریٹائرڈ ملازمین، کارکنوں کا مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ

عارضی دیہاڑی دار کارکنوں اور مستقل ملازمین پر مشتمل تمام قابل اطلاق فوائد فراہم کیے جائیں، مظاہرین

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں محکمہ معدنیات کی کوٹلے کی کانوں سے وابستہ ریٹائرڈ ملازمین اور پنسیہ اجرت پر کام کرنے کارکنوں نے اپنے مطالبات کے حق میں ضلع راجوری کے علاقے کالاکوٹ میں احتجاج کیا۔ وہ طویل عرصے سے زیر التوام پنشن، پروویڈنٹ فنڈ (پی ایف) اور ریٹائرمنٹ سے متعلق دیگر قانونی واجبات کی ادائیگی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق احتجاج کرنے والے ریٹائرڈ ملازمین اور کارکنوں نے حفاظت خانہ کوٹ شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔

اوپن اے آئی پوٹس کے امریکی سرکاری عوامی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کا انکشاف

واشنگٹن (این این آئی) ٹیکنالوجی کمپنی اوپن اے آئی نے درخواستوں اداروں کو خبردار کیا ہے کہ اس کے مصنوعی ذہانت کے پوٹس نے امریکی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 53)

عدالت نے نقیب اللہ قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے 7 ملزمان کو بری کر دیا

انسداد دہشتگردی عدالت نے فیصلہ سنا دیا، ملزمان میں کراچی، سید صداقت اور محمد شعیب عرف شٹے شامل

کراچی (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی عدالت نے نقیب اللہ قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے 7 ملزمان کو بری کر دیا۔ عدالت سے بری ہونے والے ملزمان میں کراچی، سید صداقت، ریاض احمد، رفیع شمیم عطار، امان اللہ، محمد شعیب عرف شزاد اور محمد عباس شامل ہیں۔ تمام ملزمان پہلے ہی حراست پر تھے۔ پراسیکیوشن کے مطابق نقیب اللہ قتل کیس میں سابق ایس ایس پی ملیر راؤ انوار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 54)

TENDER NOTICE

SUPPLY AND INSTALLATION OF OFF-GRID SOLAR SYSTEM FOR WATER TURBINES AT PSC FARMS KHANEWAL AND TOBA TEK Singh

Punjab Seed Corporation invites online bids from eligible bidders, registered on Punjab e-Procurement System (www.ep.punjab.gov.pk) for the following:

Lot No.	Description	Estimated Cost	2% Bid Security
Lot-1	Procurement of Off Grid Solar System 50kw for Existing Submersible Turbine (6" with 50hp) No.4/86 at PSC Seed Farm 86-87/10-R Khanewal	Rs. 3,830,000/-	Rs. 76,600/-
Lot-2	Procurement of Off Grid Solar System 30kw for Existing Submersible Turbine (6" With 30hp) No.7/86 At PSC Farm 86-87/10-R Khanewal	Rs. 2,440,000/-	Rs. 48,800/-
Lot-3	Procurement of Off Grid Solar System 50kw for Submersible Turbine (8" With 50hp) No.5/82 at PSC R&D Center 81-82/10-R Khanewal	Rs. 3,830,000/-	Rs. 76,600/-
Lot-4	Procurement of Off Grid Solar System 20kw For Existing Submersible Pump (20hp) Installed at PSC Farm 405 JB Toba Tek Singh	Rs. 1,720,000/-	Rs. 34,400/-

1. Bidding shall be conducted through Open Competitive Bidding, **Single Stage Two Envelope** procedure, as specified in the Punjab Procurement Rules, 2014 (as amended to date), and is open to all eligible bidders as defined in the Bidding Document.
2. The bidder must submit its proposal on or before **October 15, 2026** at **11:00 AM** only through Punjab e-Procurement System (www.ep.punjab.gov.pk).
4. Bids will be opened on the same day, **October 15, 2026** at **11:30 AM**, on Punjab e-Procurement System; the date and time of bid opening shall be updated on the portal.
6. The URL of the PPRA Punjab e Procurement System is https://ep.punjab.gov.pk and response time shall be calculated from the date of publication of the advertisement on the PPRA website.
7. This advertisement and the Bidding Documents are also available free of cost on http://www.psc.gop.pk, https://www.ppra.punjab.gov.pk and Punjab e-Procurement System.

IPL: 10134

For clarifications contact:
Assistant Director Purchase,
Punjab Seed Corporation, 4-Lytton Road, Lahore.
042-99212563, commercial@psc.punjab.gov.pk

HEADQUARTERS FRONTIER CORPS RECORD OFFICE BALOCHISTAN (NORTH) TENDER NOTICE FOR PROCURMENT OF STATIONERY STORES FINANCIAL YEAR 2026-27

1. Headquarters Frontier Corps Record office Balochistan (North) invites **Sealed Bids** from the Firms, Original Manufacturers as well as Contractors registered with income Tax and Sales Tax Department and who are on **active Taxpayers List of Federal Board of Revenue Pakistan** for supply of **stationery store.**
2. **Bidding documents,** containing detailed terms and condition, etc are available at Accounts Section, **Headquarters Frontier Corps Record office Balochistan (North) Quetta.** Technical specification for each items required, will be provided with the Bidding Documents.
3. Sealed bids, prepared in accordance with the Instruction in the bidding documents, must reach at accounts Section Headquarters Frontier Corps Record office Balochistan (North) Quetta by **09 October 2026 before 11:30 AM** and bids will be **opened at 12:00 PM** on same day.
4. **Tender Sample** for each items along with its specifications must also be submitted with Bid.
5. Rate should be quoted **F.O.R.** Headquarters Frontier Corps Record office Balochistan (North) Quetta.
6. Bids must accompany **Call Deposit** or **Bank Draft** or **Pay Order** in the name of **Inspector General Frontier Corps Balochistan (North)** as **Earnest Money** as per following rates, otherwise bids will be rejected:-
   a. Firms Original Manufacturers and Contractors registered with Headquarter Corps Record Office Balochistan - 5% of total value of the bid / tender
   b. Un- registered Firms, Original Manufacturers and Contractors - 8% of total value of the bid / tender
7. Bids for each items offered, will remain valid for acceptance upto **30 Jun 2027** from the date of Opening of Bids.
8. Cutting / erasing / over writing and misprints etc, of entries / rates shown in the bids will not be considered.
9. Inspector General Frontier Corps Balochistan (North) is empowered to accept / reject one or all of the bids as per PPRA Rules – 2004. Conditional bids will not be acc

جرائم کی شرح میں کمی اور عوام کو جان و مال کا زیرست انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا، ناصر محمود کاظم اور مرزا داؤد بابر اپنے اپنے کا کہنا تھا کہ علاقہ کیلئے کوعرصہ سے ایک ایماندار، ڈٹ اور فرائض پیشہ افراد کے لیے خوف کھے جانے والے ایک کھرے پولیس آفیسر کی تلاش تھی، جو راہ راہ راہ

تاجروں کیلئے ایف بی آر کی آسان ٹیکس سکیم آگاہی مہم کا آغاز

ایف بی آر کی خصوصی ٹیکس اسکیم کی آگاہی کا مقصد تاجروں وعوام تک پیغام پہنچانا ہے زیادہ سے زیادہ تاجر دوکاندار آسان ٹیکس سکیم سے فائدہ اٹھائیں انجمن تاجران پنٹی رجسٹرڈ فیصل آباد کے پلیٹ فارم سے FBR کی اس آسان ٹیکس اسکیم کو عوام تاجروں تک پہنچایا جائے گا جس کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایف بی آر کی طرف سے تاجروں کیلئے آسان ٹیکس سکیم کیلئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا گیا، اس سلسلہ میں ڈویژنل کشنر FBR تو قیر احمد، ایڈیشنل کشنر FBR بلال احمد کی، انجمن تاجران نئی رجسٹرڈ فیصل آباد (سمال گروپ) کی وفد پر مشتمل چیف کمشنر گھر خصوصی آمد، سرپرست اعلیٰ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان وصدر انجمن تاجران نئی رجسٹرڈ فیصل آباد شیخ سید احمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری میاں ریاض شاہد، خاص سیکرٹری چوہدری اعجاز احمد، چوہدری لطیف سیال، راشد نواز، چوہدری ظفر اقبال سمیت دیگر عہدیداران نے استقبال کیا، ان کے ہمراہ ایف بی آر کے ڈائریکٹر احسن لطیف، سفیان علی خان، محمد بلال، ایم احسن لطیف بھی موجود تھے۔ تاجر رہنماؤں میں جنرل سیکرٹری